© rasailojaraid.com



روایت کردہ حدیث میں اضافے ہوتے چلے آئے ہیں، یہاں تک کہ اس کا حجم اس سے پچاس، ساٹھ گنا زیادہ ہوگیا۔" (طلوعِ اسلام، جون ۱۹۸۶ء)

لیکن ہماری رائے میں اگر اس حدیث کا حجم اصل روایت سے پچاس، ساٹھ گنا کی بجائے اسی، نوّے گنا بھی زیادہ ہو جاتا، تو آپ کے ہاں حدیث کی صحت کو پرکھنے کے قاعدے سے سب کا قرآنی تعلیمات کے مطابق ہونا ثابت کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا ایسے بے لگام قاعدے کے ہوتے ہوئے آپ کو حدیثِ نبوی کے معاملہ میں زیادہ پیچ و تاب کھانے کی ضرورت نہیں ہے۔! وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ!

---

## ضروری تصحیح!

گزشتہ شمارہ میں شہدائے لاہور کے پسماندگان اور مجروحین کی امداد کے سلسلہ میں ایک اعلان شائع ہوا تھا۔ مولانا عبدالمالک مجاہد نے اس میں یہ ضروری تصحیح کرائی ہے کہ "امداد صرف سپرا برادری کے چند افراد کی طرف سے نہیں ——— بلکہ سعودی عرب کے اہلحدیث حضرات کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ تھی۔"

قارئینِ کرام! نوٹ فرمالیں۔

ادارہ


# نشر السنۃ

عنقریب آپکی خدمت میں دو عظیم الشان کتابیں پیش کر رہا ہے

امام ابوسعد عبدالکریم بن محمد سمعانی ف ۵۶۲ھ کی

**الانساب** مکمل ۱۲ جلد — قیمت ۲۰۰/- روپے

حافظ ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی

**تہذیب التہذیب** مکمل ۱۲ جلد — قیمت ۱۳۰۰ روپے

پیشگی رقم بھیجنے والوں کے لئے روایتی کمیشن ۴۰٪

نشر السنۃ الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور


© rasailojaraid.com